

# باب 2
# کان، کان میں

## میرے کان کس کے پاس ہیں؟



کیا یہ جانور عجیب لگ رہے ہیں؟ فن کار نے غلط کانوں کی تصویر کشی کر دی ہے۔ کان کو صحیح جانوروں کے ساتھ جوڑو، نیچے لکھو، کس جانور کے سر پر کس کے کان ہیں۔

| جانور | کان | جانور | کان |
|---|---|---|---|
| ہاتھی | چوہا | کتا | ________ |
| خرگوش | ________ | بھینس | ________ |
| چوہا | ________ | ہرن | ________ |
| ژراف | ________ | | |

© NCERT not to be republished

مختلف جانوروں کے مختلف اقسام کے کان ہوتے ہیں۔ مندرجہ ذیل جانوروں میں سے کن جانوروں کے ایسے کان ہوتے ہیں جو تم دیکھ سکتے ہو؟ کن جانوروں میں تم کان دیکھ نہیں سکتے۔ نیچے دی گئی ٹیبل میں لکھو۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ہرن | مینڈک | مچھلی | چیونٹی | کوّا |
| شیر | چڑیا | بیل | سانپ | چھپکلی |
| سور | بطخ | ژراف | ہاتھی | بلی |

| جانور جن کے کان ہمیں دکھائی دیتے ہیں | جانور جن کے کان ہمیں نہیں دکھائی دیتے |
|---|---|
| ______ ______ | ______ ______ |
| ______ ______ | ______ ______ |
| ______ ______ | ______ ______ |

کیا تم سوچتے ہو کہ جن کے کان ہمیں دکھائی نہیں دیتے، ان کے واقعی کان نہیں ہوتے؟


## آؤ معلوم کریں



پہلے ان تصاویر کو دیکھیے۔ پہچان کر لکھو یہ جانور کون، کون سے ہیں۔

کیا تم ان کے کان دیکھ سکتے ہو؟

ان سب کے کان موجود ہیں۔ لیکن وہ ہمیں دکھائی نہیں دے رہے ہیں۔






© NCERT not to be republished

- ایسے کچھ اور جانوروں کے بارے میں معلومات حاصل کرو۔ جن کے کان باہر دکھائی نہیں دیتے۔ ان کے نام لکھو۔

______________________________

## پڑھو اور لکھو۔

- ایسے جانور جس کے کان پنکھے جیسے ہیں ______________
- پتیوں کے جیسے کانوں والا ______________
- سر کے اوپر کان رکھنے والا ______________
- سر کے دونوں جانب کان رکھنے والا ______________



تم اس بات سے بخوبی واقف ہو کہ کان ہمیں سننے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ کچھ جانوروں میں تمہیں کان دکھائی دیتے ہیں کچھ میں نہیں۔ ہم چڑیا کے کان نہیں دیکھ پاتے۔ چڑیا کے سر کے دونوں طرف باریک سوراخ ہوتے ہیں۔ عموماً پروں سے یہ سوراخ ڈھکے رہتے ہیں۔ یہ چڑیا کو سننے میں مدد دیتے ہیں۔

اگر تم غور سے دیکھو تو تمہیں چھپکلی کے سر پر باریک سوراخ دکھائی دیتے ہیں۔ یہ اس کے کان ہیں۔


مگرمچھ کے بھی اسی طرح کے کان ہوتے ہیں، ہم انہیں آسانی سے نہیں دیکھ سکتے۔

## کس کی کھال یا جلد


اب تم جان گئے ہوگے کہ جانوروں کو ان کے کانوں سے کیسے پہچانا جاتا ہے۔ اب تم جانوروں کو ان کی کھال یا جلد سے پہچاننے کی کوشش کرو۔

© NCERT not to be republished

یہاں دکھائے گئے جانوروں کو دی گئی تصویروں میں جلد کے نمونوں سے ملاؤ۔ ہر ایک جانور کی تصویر میں صحیح نمونے جِلد کے بناؤ۔ یہ مختلف قسم کے نمونے جانوروں کی جلد پر ان کے بالوں کی وجہ سے ہی بنے ہوتے ہیں۔ جو ان کی جلد پر ہوتے ہیں۔



کیا تم نے کبھی کسی جانور کو بغیر بالوں کے دیکھا ہے یا اس کے بال ہٹا دیے گئے ہوں؟ تصور کرو کہ جانور کیسے لگیں گے اگر ان کی جلد پر کوئی بال نہ کوئی رنگ ہوگا اور نہ ڈیزائن۔





تم نے مندرجہ ذیل جانوروں میں سے کچھ کو دیکھا ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| لومڑی | ہاتھی | گوریّا | کبوتر |
| مینڈک | کوّا | مور | سوّر |
| چوہا | بلی | بیل | بطخ |
| مرغی | اونٹ | چھپکلی | گائے |

نیچے دیے ہوئے خانوں میں جانوروں کے نام درج کرو۔

| کان دکھائی دیتے ہیں | جلد پر بال ہوتے ہیں | کان دکھائی نہیں دیتے | جلد کے اوپر پَر ہوتے ہیں |
|---|---|---|---|
| | | | |

تم نے گائے اور بیل کو کس فہرست میں رکھا ہے؟ کیا کچھ فاصلے سے تم ان کی جلد پر بال دیکھ سکتے ہو؟ ان میں سے کسی ایک کے نزدیک جا کر دیکھو کہ کیا تم بال دیکھ سکتے ہو؟

اگر تمہاری کبھی ہاتھی سے ملاقات ہو جائے تو کیا تم اس کو چھوکر دیکھنے کی ہمّت کر سکو گے؟ کیا تم جانتے ہو کہ ہاتھی کے جسم پر بھی بال ہوتے ہیں؟

استاد کے لیے: اس باب میں شامل سبھی جانوروں پر مزید تفصیل سے گفتگو کیجیے۔ مثلاً ان کی غذائی عادت، رہن سہن وغیرہ جانوروں کے بارے میں حسّیت کو بڑھاوا دیجیے۔

© NCERT not to be republished




کیا تم بتا سکتے ہو فہرست میں درج کون کون سے جانور انڈے دیتے ہیں؟ معلوم کرو اور ان کے نام ہرے باکس میں لکھو۔ بچّے دینے والے جانوروں کے نام سرخ باکس میں درج کرو۔




اب اس سے پہلے والے صفحے پر دوبارہ دیکھو اور جن جانوروں کے نام ہرے باکس میں درج ہیں ان کے نیچے لکیر کھینچو۔ اور لال باکس میں دیے گئے جانوروں کے ناموں کے اطراف دائرہ بناؤ۔


تو تم نے کیا دیکھا؟ وہ جانور جن کے کان تم دیکھ سکتے ہو ان کی جلد پر بال ہوتے ہیں یہ جانور بچوں کو جنم دیتے ہیں۔ وہ جانور جن کے باہری طرف کان نہیں ہوتے ہیں ان کے جسم پر بال نہیں ہوتے ہیں اور یہ جانور







© NCERT not to be republished





انڈے دیتے ہیں۔

- کیا تم نے اپنے گھر یا اسکول کے گردونواح میں ایسے جانور دیکھے ہیں جن کے چھوٹے بچے ہوتے ہیں؟ اپنی کاپی میں ان کے نام درج کرو۔
- کیا تم نے کبھی کوئی جانور پالا ہے؟ یا تم کسی کو جانتے ہو جس کے پاس پالتو جانور ہے؟
- پالتو جانور کے بارے میں اور معلومات حاصل کرو۔
  - وہ کون سا جانور ہے؟
  - کیا اس کا کوئی نام ہے؟ اس کا نام لکھو؟
  - اس کو یہ نام کس نے دیا؟
  - اس کو کھانے میں کیا پسند ہے؟
  - اس کو دن میں کتنی مرتبہ کھانا دیا جاتا ہے؟
  - وہ سوتا کب ہے؟ اور کتنی دیر تک سوتا ہے؟
  - کیا اس جانور کی نگہداشت کے لیے کوئی مخصوص طریقہ اختیار کیا جاتا ہے؟ کیسے؟
  - کیا وہ ناراض ہو جاتا ہے؟ کب؟ تمہیں کیسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خفا ہے؟

© NCERT not to be republished

- کیا اس کی جلد پر بال ہیں یا پر ہیں؟


- کیا تم اس کے کان دیکھ سکتے ہو؟

- کیا وہ بچّہ ہے یا بڑا؟


- یہ پالتو جانور انڈے دیتا ہے یا بچّے پیدا کرتا ہے؟

- کیا اس کے چھوٹے بچّے ہیں؟

اسی جانور کی تصویر بناؤ اور اس میں رنگ بھرو۔ اس کو اپنی پسند کا کوئی نام بھی دو۔




© NCERT not to be republished





اس تصویر کے جن حصوں میں یکساں نمبر (2, 4, 6, 8.) لکھے ہوئے ہیں، ان میں رنگ بھرو، رنگ بھرنے کے بعد کیا نظر آرہا ہے؟ پہچانو اور جانور کا نام لکھو۔




© NCERT not to be republished

بہت عرصے پہلے زمین پر ڈائنا سور پائے جاتے تھے۔ لیکن اب وہ باقی نہیں رہے۔ اب ہم اپنی فلموں میں، تصویروں میں اور کتابوں میں ہی دیکھ سکتے ہیں۔ ڈائنا سور کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرو اور اپنے دوستوں کو بھی اس میں شامل کرو۔

کیا تم نے کوئی ایسا جانور دیکھا ہے جس کی تھوڑی سی مشابہت ڈائنا سور سے ہے؟ کیا تمہیں اس کا نام معلوم ہے۔



اپنے بزرگوں سے معلوم کرو۔

**برائے استاد** : بچے بہت سارے مختلف جانوروں کے نام ان کے خیال سے ڈائنا سور سے ملتے جلتے ہوں گے۔ تمام جوابات قابل قبول ہیں۔



- اس جانور کو بغور دیکھو اس کا نام لکھو کیا تمہیں معلوم ہے کہ یہ ہمارا قومی جانور ہے؟
- یہ کہاں رہتا ہے

دنیا میں اس کی تعداد میں کمی واقع ہو رہی ہے۔اس پر گفتگو کرو کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے؟

## اپنی چڑیا بناؤ




© NCERT not to be republished

**برائے استاد:** کاغذ کی چڑیا کو بنانے کے لیے دونوں جانب الگ الگ رنگ والے کاغذ کا ہی استعمال کریں۔ایسا کاغذ جس کے دونوں جانب مختلف رنگ ہوں۔